ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((446

29.08.24

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو متعدد احکامات جاری کر دیئے۔ پولیس آفیسران محنت اور جانفشانی سے اپنے کام کو یقینی بنائیں اور عوام الناس کے لئے اخلاقیات کا دائرہ کار وسیع کریں،اشتہاری ملزمان اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے۔شہری خدمت مراکز، دفاتر اور پولیس اسٹیشن کے وزٹ کے بعد پولیس سروسز سے متعلق اپنا فیڈ بیک وہاں مہیا کردہ کیو آر کوڈ پر دیں،ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو سماج دشمن عناصر کی گرفتاریوں و دیگر معاملات کے متعلق احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں اور مجرمان اشتہاریوں کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے،ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اور تکنیکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پر افسران سے تعاون کر کے ملزمان کی نقل و حرکت کا تعین کریں اور ہر ممکن وسائل کو استعمال کرتے ہوئے منشیات فروشی کا خاتمہ کیا جائے۔دیگر مقدمات کے حوالے سے بھی ڈی پی او کی طرف سے واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ   مقدمات کے اندراج کا دورانیہ متعین کر دیا گیا ہے تا کہ شہریوں کو  "نہ انتظار، نہ سفارش، نہ رشوت" کے نظریہ کے تحت خدمات فراہم کی جاسکیں۔قتل، اقدام قتل، بدکاری/بدفعلی، اغوا برائے تاوان اور ضرر کے مقدمات میڈیکل لیگل سرٹیفکیٹ کے حصول کے بعد 8 گھنٹے کے دورانیہ میں مقدمات درج کیے جائیں گے۔اسی طرح چھینا جھپٹی، چوری، گاڑی کا چھیننا، گاڑی چوری، ڈکیتی اور راہزنی کے مقدمات کے اندراج کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 24 گھنٹے ہے جبکہ مالیاتی دستاویزات و معاملات سے متعلق مقدمات کا اندراج زیادہ سے زیادہ 5 دن کے اندر اندر ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی بھی آفیسر نے جاری کردہ ہدایات وضع کردہ پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی نہ بنایا تو اس متعلقہ آفیسر کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا، روزانہ کی بنیاد پر پراگرس چیک کی جارہی ہے اور شہریوں سے فیڈ بیک لیا جارہا ہے، ڈی پی او نے مزید کہا کہ اگر کسی شہری کو اس معاملہ میں پولیس سے کوئی بھی شکایت ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں،شہریوں کی شکایت کا ہر ممکن ازالہ کیا جائے گا۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**




بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو کرائم کنٹرول و دیگر معاملات بارے متعدد احکامات جاری کردیئے